6

# میری کائنات میں میرا گھر



## تفصیل

بچے یہ دیکھیں گے کہ اس وسیع وعریض دنیا میں ان کا گھر کہاں ہے جس کے لئے وہ پورے نظام شمسی میں گھوم کر آخر میں اپنے گھر آ پہنچیں گے اور اس طرح وہ ایک فلپ بک بنائیں گے

## اہم سوال

کیا آپ ایک ایسی تصویر بنا سکتے ہیں جس میں اس پوری کائنات میں آپ کا گھر نظر آ رہا ہو؟

## مضامین

سائنس، آرٹس

## کُل وقت درکار


5 دن میں 5 گھنٹے

## خود رہنمائی / زیرنگرانی سرگرمی

والدین کے ذریعہ درمیانی نگرانی

## وسائل درکار

کاغذ ، پنسل ، رنگ وغیرہ۔




# پہلا دن

## پروجیکٹ کا تعارف

5
منٹ

سب سے پہلے تو ہم آپ کو اس دلچسپ اور مزیدار پراجیکٹ میں خوش آمدید کہتے ہیں جس کے دوران اپنے گھر اور علاقے کے بارے میں آپ کی معلومات بڑھیں گی اور پھر جس طرح یہ آپ کو نظر آئے گا، اسی طرح کاغذ پر آپ اس کی ڈرائنگ بھی بنا سکیں گے۔ اس میں ہم آپ کو یہ بھی بتائیں گے کہ یہ کائنات کتنی بڑی ہے اور ہم اس بہت بڑی کائنات کا ایک حصہ ہیں۔




لیکن اس سے پہلے ہم ایک چھوٹی سے سرگرمی کر لیتے ہیں تاکہ آپ کے ذہن کھل سکیں اور آپ اس پراجیکٹ کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔ والدین، اپنے بچوں کے ساتھ درج ذیل کام کریں گے۔

10
منٹ

# ایک ساتھ واک کریں اور دیکھیں





اپنے بچے کو بتائیں کہ ہم دونوں ایک ساتھ واک پر جائیں گے۔ بچے کا کام یہ ہو گا کہ وہ ہر اس چیز کو غور سے دیکھے گا/ گی جو اسے اپنے ارد گرد نظر آئے گی۔ مثال کے طور پر اسے کچھ چیزوں کے نام بتائیں، جیسے، "دیواریں، چھت، آسمان، سڑک کی لین، گاڑیاں، موٹر سائیکل، ریڑھیاں، فرش، وغیرہ"۔ اب بچے کو اپنے ساتھ واک پر پہلے گھر کے اندر ساری جگہوں پر لے کر جائیں۔ گھر کی چھت ہو تو بچے کو چھت پر لے کر جائیں اور اسے کہیں آسمان پر دیکھے اور آسمان پر نظر آنے والی ہر چیز کو غور سے دیکھے۔ بچے سے پوچھیں کہ آسمان کتنا بڑا ہو گا اور اس پوری کائنات کے سامنے ہم کتنے چھوٹے سے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ ہمارے ارد گرد اور بھی کئی سیارے ہیں اور زمین ان میں سے ایک ہے۔

اب بچے کو گھر سے باہر واک پر لے کر جائیں اور کہیں کہ ہر چیز کو غور سے دیکھے، مثلاً گلیوں کو، سڑکیں کیسی ہیں اور آس پاس کوئی پارک یا چھوٹی سی کھیلنے کی جگہ یا کوئی گراؤنڈ ہو تو وہ دکھائیں۔ بچے کو گھر لائیں اور اس سے کہیں کہ تھوڑی دیر آرام کرے اور ان چیزوں کے بارے میں سوچے۔ جب وہ بالکل پرسکون ہو جائے تو اس سے درج ذیل سوالات پوچھیں:

1. کیا آپ کو گھر کے اندر اور باہر یہ واک پسند آئی؟
2. اس واک کے دوران کون سی چیز سب سے زیادہ پسند آئی؟
3. اپنی چھت سے یا باہر سڑک سے جب آپ نے آسمان کو دیکھا تو کیسا لگا؟
4. کیا خیال ہے، آپ نے جو ساری چیزیں دیکھیں، ان کی اور اپنے گھر کی ڈرائنگ بنا لیں گے؟

بچہ جب ان تمام سوالوں کے جواب دے دے تو اب اسے وہ فلپ بک دکھائیں جس میں وہ اپنے گھر کی اور اپنی دیکھی ہوئی دوسری چیزوں کی ڈرائنگ بنائیں گے۔

15
منٹ

# اپنی فلپ بک بنائیں

اگر آپ کے پاس کوئی صاف کاپی وغیرہ ہے تو بچوں کو دکھائیں اور اسے کہیں کہ وہ اس میں سے کچھ صفحے مختلف سائز میں کاٹ لیں، اور ان پر اپنا گھر اور اپنے ارد گرد کی وہ ساری چیزیں بنائیں جو انہوں نے دیکھی ہیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی کاپی وغیرہ نہیں ہے تو یہ کام کریں

1. کوئی سے بارہ سے پندرہ صاف صفحے لے لیں (A4 سائز کے سفید کاغذ ہوں یا پھر رنگین کاغذ مل جائیں تو اور بھی اچھی بات ہے)
2. انہیں سٹیپلر سے جوڑ لیں اور پہلے صفحے کو ٹائٹل بنا کر اس پر بڑا سا اردو میں لکھ لیں "کائنات میں میرا گھر" یا انگریزی میں: (MY HOME IN THE UNIVERSE)
3. یہ کام بچے کے ساتھ مل کر کریں اور ٹائٹل صفحہ ڈیزائن کریں اور اس پر یہ الفاظ خوبصورت کر کے لکھیں

20
منٹ

# آئیں، فلپ بک بناتے ہیں

### صفحہ نمبر1:

بچے اس پر اپنے گھر کی ڈرائنگ بنائیں گے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ گھر کی شکل میں کاغذ کا ایک ٹکڑا کاٹ لیں اور اس پر لکھ دیں "میرا گھر"

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: آپ کا گھر باہر سے دیکھنے میں کیسا ہے؟ کیا یہ کسی بلڈنگ میں ہے؟ اس کے کتنے فلور ہیں؟ آپ کون سے فلور پر رہتے ہیں؟ آپ کے گھر میں کتنے لوگ ہیں، کیا ہم انہیں کھڑکیوں یا دروازوں میں کھڑے ہوئے دکھا سکتے ہیں؟ آپ کے گھر کا رنگ کون سا ہے؟ کیا اس میں کوئی سیڑھیاں ہیں؟ دروازے کا رنگ کون سا ہے؟

صفحہ نمبر 1 پر لیبل لگائیں اور گھر کے بارے میں لکھیں: یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے۔ میرے گھر میں X لوگ اور X جانور رہتے ہیں۔ ہماری بلڈنگ کے X فلور ہیں اور ہم X فلور پر رہتے ہیں یا اس کا رنگ X ہے اور یہ گھر ہے یا فلیٹ ہے۔ ہمارے گھر/ فلیٹ/ جھگی کا نمبر X ہے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ گھر کے بارے میں مزید بتائیں،مثلاً بلڈنگ میں کتنے فلیٹ ہیں، ان میں کتنے لوگ رہتے ہیں ، کتنے لوگ کرایہ دار ہیں،

وغیرہ۔ بچہ ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھ کر اس میں بتائے کہ ہم گھر کیوں بناتے ہیں۔ درج ذیل سوالات پوچھیں اور بچے سے کہیں کہ وہ اسی صفحے پر ان سوالات کے جوابات ایک ایک سطر میں لکھے۔

- ہم لوگ گھر میں کیا کرتے ہیں؟
- ہم لوگ گھر کب آتے ہیں؟
- ہمارے گھر میں ہمارے ساتھ کون کون رہتا ہے؟

## صفحہ نمبر2:

اب بچے سے کہیں کہ ذرا بڑے سائز کا کاغذ کاٹے یعنی 12cm x 12cm (یا اپنے جسم کی پیمائش کو اسی طرح استعمال کرے جس طرح پہلے کیا تھا) بچہ اب اس کاغذ پر اس سڑک یا گلی کی تصویر بنائے جہاں اس کا گھر ہے۔ اصل چیز یہی ہے کہ گھر کو اسی طرح بنائیں کہ جیسے یہ گلی میں بنا ہوا ہے۔

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: اس سڑک پر اور کیا کیا ہے؟ کیا سڑک پر کوئی اور عمارتیں یا گھر ہیں؟ باقی گھر دیکھنے میں کیسے ہیں؟ گلی میں اور کون سی چیزیں ہیں جو نمایاں نظر آتی ہیں مثلاً بس سٹاپ وغیرہ؟ اس کے علاوہ سڑک پر کیا کیا ہے، مثلاً مسجد، سکول، پارک، ہسپتال وغیرہ؟

صفحہ نمبر 2 پر لیبل لگائیں اور اس پر گلی کے بارے میں لکھیں: یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو (نام لکھیں) کی گلی میں واقع ہے۔ اس گلی میں اور بھی چیزیں ہیں مثلاً xxx۔ اس گلی یا سڑک کے بارے میں لکھیں کہ یہ خاصی مصروف / سرسبز وغیرہ یا اس طرح کی کوئی اور خاص بات جس سے اندازہ ہو کہ گلی کیسی ہے۔

اب بچہ ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھ کر دوسرے لوگوں کو بتائے گا کہ اس کے گھر کا رستہ کون سا ہے، وہ بس پر یا ٹیکسی پر یا پیدل وہاں تک آ سکتے ہیں۔ بچے یہ بھی بتائیں کہ یہ سواری کہاں سے ملے گی، وغیرہ۔

# دوسرا دن

## سابقہ روز کی معلومات کی دھرائی

10 منٹ

دوسرے دن ملنے پر بچے کو اچھی طرح خوش آمدید کہیں۔ یہ جاننے کی کوشش کریں کہ کل جو کچھ کیا اس پر انہیں کیسا محسوس ہوا اور یہ سوالات کریں:

1. کیا آپ کو چھت کی اور گھر سے باہر کی واک اچھی لگی؟
2. آپ نے باہر جو چیزیں دیکھیں، ان کی ڈرائنگ بنانے میں آپ کو مزہ آیا؟
3. کیا آپ کو اپنی فلپ بک بناتے ہوئے مزہ آ رہا ہے؟
4. کیا آپ اپنے دوستوں کو فلپ بک دکھانا پسند کریں گے؟

بچہ ان سوالوں کے جواب 'ہاں' میں دے گا۔ یہ جواب ملنے پر بچے کو آگے بڑھائیں اور اسے دوسرے دن کی سرگرمیوں کے لئے تیار کریں۔





25
منٹ

# اب بچے اپنے علاقے/ گاؤں/ شہر کا مزید جائزہ لیں گے




ہو سکے تو بچے کو رکشہ/ موٹر سائیکل یا سائیکل پر گاؤں کا چکر لگوائیں اور اسے آس پاس کی چیزیں دکھائیں۔ دوسرے لوگ، گلیاں، چھوٹی چھوٹی مارکیٹیں اور دکانیں، سکول اور گلی میں موجود ٹھیلے والے۔ بچے سے کہیں کہ ہر چیز کو غور سے دیکھے۔ جب گھر واپس پہنچ جائیں تو ان سے درج ذیل سوالات پوچھیں:

1. کیا آپ کو اپنے گاؤں اور دوسری جگہوں کی یہ چھوٹی سی سیر اچھی لگی؟
2. اس سیر کے دوران کون سی چیز آپ کو سب سے زیادہ پسند آئی؟
3. مارکیٹوں اور باہر ٹھیلے والوں کو دیکھ کر آپ کیا محسوس ہوا؟
4. آپ نے باہر جو کچھ دیکھا کیا اس میں کچھ چیزوں کی تصویریں صفحہ نمبر 3 پر بنائیں گے؟

بچہ جب اس پر ہاں کہے تو فلپ بک کا صفحہ نمبر 3 کھول کر اس کے سامنے رکھ دیں۔

### صفحہ نمبر3:

بچے سے کہیں کہ صفحہ نمبر 1 اور 2 کی نسبت ذرا بڑا کاغذ کاٹے۔

بچوں سے کہیں کہ جس گاؤں یا شہر میں ان کی گلی ہے اس کی ڈرائنگ بنائیں۔ اصل چیز یہ ہے کہ گلی کو اسی طرح بنائیں جس طرح یہ گاؤں/ علاقے/ شہر میں ہے۔

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: کیا شہر یا گاؤں میں بہت زیادہ لوگ رہتے ہیں - اگر بہت زیادہ لوگ رہتے ہیں تو ان کی بھی ڈرائنگ کریں۔ کیا کوئی ایسی خاص جگہیں جو مشہور ہوں مثلاً کوئی تاریخی عمارت، کوئی قدرتی مناظر (کوئی دریا، پہاڑ، ساحل سمندر، پارک، صحرا، وغیرہ)۔ شہر میں بچے کی سب سے پسندیدہ جگہ کون سی ہے، مثلاً سکول، کھیل کا میدان، وغیرہ

کام کی بات: بچے کو شاید معلوم نہ ہو کہ گاؤں یا شہر دیکھنے میں کیسا ہے یعنی دائرے میں ہے، چوکور ہے وغیرہ، اور اگر اسے اس بات کا اندازہ نہ ہو تو جو شکل اسے زیادہ پسند ہو، اسی شکل میں وہ اپنے شہر کو بنا سکتے ہیں اور پھر اوپر جو جگہیں بتائی گئی ہیں ان پر نشان لگاتے جائیں۔

صفحہ نمبر 3 پر لیبل لگائیں اور اس پر اپنے شہر/ گاؤں کے بارے میں چند سطریں لکھیں، مثلاً یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ اس شہر یا گاؤں کی خاص باتیں لکھیں (قدرتی مناظر، اہم جگہیں، تاریخی مقامات) اور آپ کو یہاں کیا کر کے زیادہ مزہ آتا ہے، مثلاً میرے گاؤں میں ایک بڑا سا ٹیوب ویل ہے اور میں نہانے کے لئے روزانہ وہاں جاتا ہوں۔

بچے سے کہیں کہ ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھے جسے پڑھ کر دوسرے شہروں کے لوگوں میں شوق پیدا ہو کہ وہ اس شہر/ گاؤں کی سیر کرنے آئیں مثلاً وہ وہاں کیا کر سکتے ہیں اور انہیں کون کون سے کام کر کے زیادہ مزہ آئے گا۔

25 منٹ

## اب بچہ اپنے ضلع/ صوبے کا جائزہ لے گا

بچوں کو بتائیں کہ اب ہم ذرا بڑی چیزوں کی طرف بڑھ رہے ہیں جن کے بارے میں انہیں خود سوچ بچار کرنا ہو گی کیونکہ ہم اس طرح ان جگہوں پر نہیں جا سکتے جس طرح ہم اپنے گھر، گلی، گاؤں یا شہر میں گئے تھے۔ ان کے ساتھ مل کر ایک مشق کریں تاکہ وہ ان چیزوں کا تصور کر سکیں، مثلاً:

1. بچے سے کہیں کہ اپنی آنکھیں بند کریں
2. اس بات کا اطمینان کر لیں کہ کمرے میں مکمل خاموشی ہو اور ایسا کچھ نہیں ہونا چاہئے جس سے بچے کی توجہ بٹ جائے۔
3. والدین ہونے کے ناطے بچوں سے کہیں کہ اب اپنے ذہن میں اپنے گھر، گاؤں، سکول، جانوروں، خوبصورت جگہوں، فصلوں، کاروں، موٹر سائیکلوں وغیرہ کے بارے میں سوچیں۔
4. اب انہیں کہیں کہ ان سب سے آگے بڑھیں اور اپنے گاؤں سے باہر کی چیزوں کے بارے میں سوچیں، مثلاً جہاز، بڑے بڑے درخت، پہاڑ، بڑی بڑی عمارتیں، وغیرہ جس طرح انہوں نے ٹی وی پر اپنی کتابوں میں دیکھے ہوں۔

اب صفحہ نمبر 4 کھول کر ان کے سامنے رکھیں اور اپنے ضلع/ صوبے کی ڈرائنگ بنانے میں ان کی مدد کریں۔

## صفحہ نمبر 4:

بچے سے کہیں کہ وہ پہلے تین صفحوں کی نسبت بڑا صفحہ کاٹ لے۔

بچے سے کہیں کہ وہ اس صوبے یا ضلع کی ڈرائنگ بنائیں جس میں آپ کا گاؤں یا شہر واقع ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ گھر اسی طرح بنائیں جس طرح یہ صوبے/ ضلع میں ہے ۔ گھر صوبے کا ضلع کے کس طرف ہونا چاہئے، وغیرہ۔

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: اس کے جغرافیہ کی اہم خصوصیات کیا ہیں (پہاڑی سلسلے، دریا، صحرا، وغیرہ)۔ کیا صوبے/ ضلع میں اور بھی بڑے شہر/ گاؤں ہیں جنہیں آپ ساتھ دکھا سکیں؟ کوئی خاص فصل ایسی ہے جو یہاں اگائی جاتی ہو ۔ کیا آپ اس کی ڈرائنگ کر سکتے ہیں؟ کیا کوئی خاص لباس ایسا ہے جو یہاں کے لوگ پہنتے ہیں؟

کام کی بات:

بچے کو شاید معلوم نہ ہو کہ صوبہ یا ضلع دیکھنے میں کیسا ہے یعنی دائرے میں ہے، چوکور ہے وغیرہ، اور اگر اسے اس بات کا اندازہ نہ ہو تو جو شکل اسے زیادہ پسند ہو، اسی شکل میں وہ اپنے شہر کو بنا سکتے ہیں اور پھر اوپر جو جگہیں بتائی گئی ہیں ان پر نشان لگاتے جائیں۔

صفحہ نمبر 4 پر لیبل لگائیں اور اس پر اپنے ضلع/ صوبے کے بارے میں چند سطریں لکھیں، مثلاً یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو صوبہ یا ضلع (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں (نام لکھیں) میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ اپنے صوبے کی ایک سے تین خاص باتیں لکھیں مثلاً اپنے صوبے میں آپ کا پسندیدہ کھانا کون سا ہے، یہاں کون سی زبان بولی جاتی ہے یا کون سے کپڑے پہنے جاتے ہیں۔

بچے سے کہیں کہ ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھے جس میں اپنے صوبے میں سب سے زیادہ کھائے جانے والے کھانے کا طریقہ لکھے اور بتائیں کہ اس کے اجزاء کیا ہیں اور اس کو بنانے کا طریقہ کیا ہے۔ (اس سلسلے میں وہ اپنی ماں سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ اس سرگرمی میں گھر کی خواتین بھی بچوں کا ساتھ دیں)۔

# تیسرا دن

## خوش آمدید اور دہرائی

10
منٹ

پچھلے دو دنوں میں بچوں نے جو کچھ سیکھا اس کی مختصر سی دہرائی کر لیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں ڈرائنگ کرنے میں، چیزوں کے بارے میں سوچنے اور فلپ بک میں ان کے بارے میں لکھنے میں مزہ آ رہا ہے۔

بچوں کے ساتھ مل کر فلپ بک کے پہلے چار صفحات پر ایک نظر ڈال لیں اور دیکھ لیں کہ کوئی چیزیں ادھوری تو نہیں ہیں۔ اگر ایسا کچھ ہو تو بچوں کے ساتھ کچھ وقت لگائیں اور پہلے چار صفحات پر ان ادھوری چیزوں کو مکمل کر لیں۔

بچے اب اپنے ملک کا جائزہ لیں گے۔

### صفحہ نمبر5:

بچے سے کہیں کہ پچھلے چار صفحات کی نسبت ذرا بڑا صفحہ کاٹ لیں

بچے سے کہیں کہ وہ اس ملک کی ڈرائنگ بنائیں جس میں آپ کا صوبہ واقع ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ گھر اسی طرح بنائیں جس طرح یہ صوبے/ ضلع میں ہے – گھر ملک کے کس طرف ہونا چاہئے، وغیرہ۔

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: کیا شہر یا گاؤں میں بہت زیادہ لوگ رہتے ہیں – اگر بہت زیادہ لوگ رہتے ہیں تو ان کی بھی ڈرائنگ کریں۔ کیا کیا آپ کے ملک میں کوئی خاص جانور/ پھول/ پودے ہیں – کیا آپ ان کی ڈرائنگ کر سکتے ہیں؟ کوئی ایسی خاص جگہیں جو مشہور ہوں مثلاً کوئی تاریخی عمارت، کوئی قدرتی مناظر (کوئی دریا، پہاڑ، ساحل سمندر، پارک، صحرا، وغیرہ)، کوئی اہم جگہ وغیرہ۔ قومی لباس، فصل، کھانا کون سا ہے – کیا آپ ان کی تصویریں بنا سکتے ہیں؟

10
منٹ

# پاکستان کی قومی چیزیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قومی مسجد (فیصل مسجد) |  | قومی کھیل (ہاکی) |  | قومی پرچم |  |
| قومی زبان (اردو) |  | قومی پرندا (چکور) |  | قومی ترانہ |  |
| قومی درخت (دیودر) |  | قومی دریائے (دریائے سندھ) |  | قومی پھل (آم) |  |
| قومی نشان |  | قومی لباس (قمیض شلوار) |  | قومی پھول (جیسمین) |  |

کام کی بات:

بچے کو شاید معلوم نہ ہو کہ ملک میں کیسا ہے یعنی دائرے میں ہے، چوکور ہے وغیرہ، اور اگر اسے اس بات کا اندازہ نہ ہو تو جو شکل اسے زیادہ پسند ہو، اسی شکل میں وہ اپنے شہر کو بنا سکتے ہیں اور پھر اوپر جو جگہیں بتائی گئی ہیں ان پر نشان لگاتے جائیں۔

صفحہ نمبر 5 پر لیبل لگائیں اور اس پر اپنے ملک کے بارے میں چند سطریں لکھیں، مثلاً یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو ملک (نام لکھیں) کے صوبہ یا ضلع (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں (نام لکھیں) میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ اس کے بعد کچھ قومی چیزوں کے نام لکھیں مثلاً قومی جانور، قومی پھول، قومی ترانہ، قومی رہنما اور قومی پرچم۔

اپنے ملک کی ایک سے تین خاص باتیں لکھیں مثلاً اپنے صوبے میں آپ کا پسندیدہ کھانا کون سا ہے، یہاں کون سی زبان بولی جاتی ہے یا کون سے کپڑے پہنے جاتے ہیں۔

بچے ایک مختصر پیراگراف میں اپنے ملک کے مقبول ترین تہوار کے بارے میں لکھیں کہ یہ کس طرح منایا جاتا ہے، اس کے پیچھے کہانی کیا ہے، لوگ کیا پہنتے ہیں، لوگ کیا کھاتے ہیں اور یہ تہوار کب منایا جاتا ہے، مثلاً میٹھی عید، عیدالاضحیٰ۔

اب بچے اپنے براعظم کا جائزہ لیں گے۔

### صفحہ نمبر 6:

بچے سے کہیں کہ پچھلے پانچ صفحات کی نسبت ذرا بڑا صفحہ کاٹ لیں۔

# براعظموں کے بارے میں گفتگو

10
منٹ

**صفحہ نمبر 6** کی ڈرائنگ بنانے سے پہلے بچوں کے ساتھ درج ذیل معلومات پر بات کریں




براعظم کون کون سے ہیں اور ان کی تعداد کیا ہے؟

جواب – براعظم زمین پر موجود خشکی کے کئی بڑے بڑے ٹکڑوں میں سے ایک ہے۔ عام طور پر مختلف روایات کے تحت ان کی حدود طے کی جاتی ہیں جن کا پہلے سے طے کیا ہوا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ براعظموں کی کل تعداد سات ہے۔

پاکستان ایشیا میں واقع ہے اور ایشیا دیکھنے میں ایسا ہے۔ بچوں کو دیگر ہمسایہ ملکوں کے بارے میں بھی بتائیں۔

بچے سے کہیں کہ وہ اس براعظم کی ڈرائنگ بنائیں جس میں آپ کا ملک واقع ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ گھر اسی طرح بنائیں جس طرح یہ اس براعظم میں ہے جس کا انحصار اس بات پر ہو گا کہ ان کا گھر براعظم کے کس طرف واقع ہے۔

بچے کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: کیا آپ کو اپنے براعظم میں موجود کسی دوسرے ملکوں کے نام معلوم ہیں – کیا آپ ان پر نشان لگا کر لیبل لا سکتے ہیں؟ کیا آپ ان دوسرے ملکوں کے بارے میں کچھ جانتے ہیں – مثلاً وہاں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟ کوئی بڑی قومی یادگار؟ کوئی اس براعظم میں کوئی خاص چیز ہے مثلاً پہاڑی سلسلے، پہاڑ، دیرا، صحرا، وغیرہ

کام کی بات:

بچے کو شاید معلوم نہ ہو کہ براعظم دیکھنے میں کیسا ہے یعنی دائرے میں ہے، چوکور ہے وغیرہ، اور اگر اسے اس بات کا اندازہ نہ ہو تو جو شکل اسے زیادہ پسند ہو، اسی شکل میں وہ اپنے شہر کو بنا سکتے ہیں اور پھر اوپر جو جگہیں بتائی گئی ہیں ان پر نشان لگاتے جائیں۔

صفحہ نمبر 6 پر لیبل لگائیں اور اس پر اپنے براعظم کے بارے میں چند سطریں لکھیں، مثلاً یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو براعظم (نام لکھیں) کے ملک (نام لکھیں) کے صوبہ یا ضلع (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں (نام لکھیں) میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ اپنے ملک کی ایک سے تین خاص باتیں لکھیں مثلاً بعض دوسرے ممالک، بعض قدرتی خصوصیات، بعض نباتاتی خصوصیات، دوسرے براعظموں کے مقابلے میں آپ کے براعظم کا رقبہ

بچوں سے کہیں کہ وہ درج ذیل پر ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھیں:

اپنے ملک یا براعظم کی قدرتی خصوصیات اور ان کے کیا فائدے ہیں مثلاً دریا: پانی زراعت کے لئے استعمال ہوتا ہے، لوگ سفر کیسے کرتے ہیں، وغیرہ۔ اس کے علاوہ، وہ موسم کے بارے میں کچھ لکھ سکتے ہیں اور اس کے فائدے اور نقصانات مثلاً بارش: اس سے فصلوں، پودوں اور درختوں کو اگنے میں مدد ملتی ہ۔ بہت زیادہ بارش سے سیلاب آ سکتا ہے، جانی نقصان ہو سکتا ہے، وغیرہ۔

# چوتھا دن

بچوں کو پراجیکٹ کے چوتھے دن میں خوش آمدید کہیں اور انہیں بتائیں کہ آپ بہت خوش ہیں کہ انہوں نے بہت اچھے طریقے سے کام کیا اور بہت کچھ سیکھا۔ اپنے ساتھ 5 چاکلیٹ لے جائیں اور کام شروع کرنے سے پہلے ان سے نیچے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔ ہر درست جواب دینے والے بچے کو ایک چاکلیٹ دیں۔

1 دنیا میں کتنے براعظم ہیں؟ (7)

2 سا کستان کس براعظم میں واقع ہے؟ (ایشیا)

3 پاکستان کا قومی پھول کون سا ہے؟ (چنبیلی)

4 کائنات میں کتنے سیارے ہیں؟ (8)


5 سا کستان کا قومی پرندہ کون سا ہے؟ (چکور)

اس کوئز کے بعد بچوں کو بتائیں کہ اب ہم نے صفحہ نمبر 7 پر کام کرنا ہے۔

اب بچے دنیا کا جائزہ لیں گے

## صفحہ نمبر 7:

بچے سے کہیں کہ پچھلے چھ صفحات کی نسبت ذرا بڑا صفحہ کاٹ لیں۔
بچوں سے کہیں کہ اس پر دنیا کی ڈرائنگ بنائیں اور اس پر براعظم دکھائیں۔
دنیا کی ڈرائنگ بنانے میں مدد دینے کے لئے نیچے دیا گیا خاکہ استعمال کریں۔







کام کی بات:

بچوں سے پوچھ لیں کہ اگر انہیں اندازہ نہیں ہو رہا تو مختلف براعظموں کے نشان کس طرح لگانا ہیں تو انہیں جس طرح سمجھ میں آئے اسی ترتیب اور شکل میں بنا لیں: افریقہ، ایشیا، یورپ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، آسٹریلیا، آرکٹک اور انٹارکٹیکا اور سمندر: بحراوقیانوس، بحرالکاہل، بحیرہ ہند، آرٹک اور ساؤدرن۔ بچوں کو اگر اندازہ نہ ہو کہ دنیا کا نقشہ کس طرح بنے گا اور اس میں مختلف براعظموں اور سمندروں کو کس طرح دکھانا ہے تو بے شک وہ یہ سرگرمی نہ کریں۔

صفحہ نمبر 7 پر لیبل لگائیں اور اس پر دنیا کے بارے میں چند سطریں لکھیں، مثلاً یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو زمین کے براعظم (نام لکھیں) کے ملک (نام لکھیں) کے صوبہ یا ضلع (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں (نام لکھیں) میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ زمین کے بارے میں ایک سے تین خاص باتیں لکھیں، جو انہیں معلوم ہوں، مثلاً یہ سبز اور نیلی کیوں ہے؟ اس پر اور کون کون سے بڑے سمندر اور خشکی کے ٹکڑے ہیں؟ زمین کی شکل کیسی ہے؟ وغیرہ۔

بچے ہوا میں، پانی اور خشکی میں رہنے والے مختلف حیوانات (مثلاً زمین کے مختلف علاقوں میں رہنے والے انسان) کے بارے میں ایک چھوٹا سا پیرا گراف لکھ سکتے ہیں۔ یہ جانور ایک دوسرے سے مختلف کیوں ہیں اور یہ کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ پرامن طریقے سے رہ سکتے ہیں۔

بچے اب نظام شمسی کا جائزہ لیں گے۔

### صفحہ نمبر 8:

بچے سے کہیں کہ پچھلے سات صفحات کی نسبت ذرا بڑا صفحہ کاٹ لیں




# بچوں کے ساتھ گفتگو

شمسی نظام بنانے سے پہلے بچوں کو درج ذیل معلومات بتائیں اور سمجھائیں۔



”یہ کل آٹھ سیارے اور ان کے چاند ہیں جو سورج کے گرد گھوم رہے ہیں جن کے ساتھ کئی چھوٹے چھوٹے سیارے، شہاب ثاقب اور دم دار سیارے خلاء میں موجود ہیں۔ نظام شمسی میں موجود سیارے (سورج سے فاصلے کے مطابق ترتیب میں) یہ ہیں: عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، مشتری، زحل، یورینس، اور نیپچون“

اب بچے نظام شمسی کی ڈرائنگ بنائیں گے جس میں سورج اور اس کے گرد 8 سیارے دکھائیں گے اور ان میں سے نشان لگا کر بتائیں گے کہ یہ زمین ہے۔

## ہمارا نظامِ شمسی

نظامِ شمسی کے سیاروں کی تصاویر بنائیں!

1 ____________ 2 ____________ 3 ____________

4 ____________ 5 ____________ 6 ____________

7 ____________ 8 ____________ 9 ____________

بچوں کو آگے بڑھانے کے لئے اس طرح کی باتیں کی جا سکتی ہیں: کیا آپ جانتے ہیں سائز کے اعتبار سے سیاروں کی ترتیب کیا بنتی ہے؟ کیا آپ کو ان کے رنگ معلوم ہیں؟ کیا آپ جانتے ہیں سیارے ایک دوسرے کے کتنے قریب ہیں یا سورج سے کتنی دور ہیں؟ کیا آپ کو معلوم ہے کون سے سیارے کے کتنے چاند ہیں؟

**کام کی بات:**

آپ بچوں سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ سیاروں کے بارے میں پہلے سے جو کچھ جانتے ہیں اسے سامنے رکھتے ہوئے نظام شمسی کی ڈرائنگ بنائیں: عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، مشتری، زحل، یورینس، اور نیپچون۔

بچوں کو اگر اندازہ نہ ہو کہ نظام شمسی اور سیاروں کو کس طرح بنانا ہے، تو بے شک وہ یہ سرگرمی نہ کریں۔

صفحہ نمبر 8 پر لیبل لگائیں اور اس پر نظامِ شمسی کے بارے میں کچھ سطریں لکھیں، مثلاً: یہ (نام لکھیں) کا گھر ہے جو ملکی وے، نظامِ شمسی کے سیارے زمین کے براعظم (نام لکھیں) کے ملک (نام لکھیں) کے صوبہ یا ضلع (نام لکھیں) کے شہر یا گاؤں (نام لکھیں) میں (نام لکھیں) کی گلی میں، واقع ہے۔ ایک سے تین جملوں میں بتائیں کہ وہ نظامِ شمسی کے بارے میں کیا کچھ جانتے ہیں مثلاً دوسرے سیارے، چاند، سورج کے گرد ان کی گردش وغیرہ۔

بچوں سے کہیں کہ وہ چاند اور سورج کے بارے میں ایک چھوٹا سا پیراگراف لکھیں۔ یہ دونوں اپنی اپنی جگہ کیوں خاص ہیں اور ہماری زندگیوں میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

# پانچواں دن

## فلپ بک

30 منٹ

بھرپور تعریف اور حوصلہ افزائی کے ساتھ بچوں کو خوش آمدید کہیں کہ پچھے چار دن انہوں نے واقعی بہت محنت سے کام کیا اور آج یہ کتاب مکمل کرنے کے لئے ان کا آخری دن ہے۔

بچے اب ان تمام 8 صفحات کو اسی ترتیب میں سٹیپلر یا کسی اور چیز سے ایک ساتھ جوڑ دیں گے۔ سب سے چھوٹا صفحہ سب سے آگے، اور اس کے پیچھے بڑے صفحات اس طرح لگاتے جائیں کہ نیچے والا صفحہ اوپر والے کے پیچھے نظر آئے۔

# خط لکھنا

30
منٹ

بچے اب کسی ایسے شخص کو ایک چھوٹا سا خط لکھیں گے جس کو نظام شمسی کے بارے میں پہلے سے کچھ معلوم نہ ہو۔ وہ اپنے گھر، گلی، شہر/ گاؤں، صوبے، ملک، براعظم، کرہ ارض اور نظام شمسی کے بارے میں کچھ باتیں لکھیں گے مثلاً:

| | |
|---|---|
| آبادی | موسم |
| سفر | زبان ، کپڑے ، تہوار |
| تاریخی یاد گار جھگیں | جانور |
| قدرتی خصوصیات | ستارے ، سورج ، چاند وغیرہ۔ |

بچے اب اسے ایک لفافے میں ڈال لیں اور اوپر پتہ درج کریں جو کچھ اس طرح ہو سکتا ہے:

| | |
|---|---|
| نام | ملک |
| گھر | براعظم |
| گلی | سیارہ |
| علاقہ / شہر / گاؤں | نظام شمسی |

# منصوبے کے نتائج

بچے کی کار کرد گی: بچے اب اپنی بنائی ہوئی کتاب کو پڑھیں گے اور اپنے گھر والوں کو بھی اسے دکھا کر بتائیں کہ ہم اس نظام شمسی میں کس جگہ موجود ہیں۔
بچے اب اس بارے میں بھی غور کر سکتے ہیں کہ آیا انہیں اب اندازہ ہوا کہ نظام شمسی میں ہمارا کیا کام ہے۔ اب وہ ایک چارٹ بنائیں گے اور اس پر لکھ کر بتائیں گے کہ انہوں نے کیا کچھ سیکھا اور کون کون سی باتوں پر انہیں حیرانی ہوئی۔